**26.03.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. ارجمند علی خان

**Music**

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت قومی اقتدارِ اعلیٰ کا احترام کرنے اور اُسے برقرار رکھنے میں فلپائن کی حمایت کرتا ہے۔

☆ سری لنکا کے صدر رانل وکرما سنگھے نے بھارت کی بڑھتی ہوئی ترقی کی ستائش کی ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ ڈیجیٹل پبلک بنیادی ڈھانچے کے شعبے میں اُسے بھارت کی کامیابیوں کی پیروی کرنے کی ضرورت ہے۔

☆ نیوزی لینڈ نے چین پر اُس کی پارلیمنٹ کو ہیک کرنے کا الزام لگایا ہے۔

☆ بھارت اور آسٹریلیا کی روہن بوپنا اور Matthew Ebden کی جوڑی امریکہ میں جاری میامی اوپن ٹینس میں مردوں کے ڈبل کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

☆ آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم چنئی سپر کنگز، گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ کرے گی۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Jaishankar Philippines**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت قومی اقتدارِ اعلیٰ کا احترام کرنے اور اُسے برقرار رکھنے میں فلپائن کی حمایت کرتا ہے۔ انھوں نے یہ بات آج منیلا میں فلپائن کے وزیر خارجہ Enrique Marnalo کے ساتھ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ ہر ملک کو اپنا اقتدارِ اعلیٰ برقرار رکھنے اور اس کا احترام کرنے کا حق حاصل ہے۔ یہ بیان جنوبی چین کے سمندر میں چین کے ساتھ فلپائن کے بحری تنازع کے بعد سامنے آیا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے پُرزور الفاظ میں کہا کہ بھارت آسیان کے اتحاد، تسلسل اور اُس کی مرکزیت کی حمایت کرتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ قاعدوں اور ضابطوں کی سختی سے پابندی کرتے ہوئے اِس خطے کی خوشحالی اور ترقی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

وزیرخارجہ نے کہا کہ سمندروں سے متعلق 1982 کا UNCLOS سمجھوتہ نہایت اہمیت کا حامل ہے اور سبھی

فریقوں کو ہر طرح اِس پر پوری طرح عمل کرنا چاہئے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دنیا کے حالات بدل چکے ہیں لہٰذا یہ امر لازمی ہے کہ بھارت اور فلپائن ابھرتے ہوئے ماڈل کو ایک روپ دینے کیلئے مل کر کام کریں۔

SL President

سری لنکا کے صدر رَنل وکرماسنگھے نے کہا ہے کہ بھارت آنے والے برسوں میں ترقی کا محور ہوگا اور یہ سری لنکا کے مفاد میں ہے کہ بھارت نے ڈیجیٹل پبلک انفراسٹکچر اور Piggyback کے شعبے میں جوکامیابی حاصل کی ہے سری لنکا اُس کی پیروے کرے۔ وہ ڈیجیٹل پبلک انفراسٹکچر سے متعلق ایک کانفرنس میں اظہار خیال کررہے تھے جس کا اہتمام آج کولمبو میں سری لنکا میں بھارت کے ہائی کمیشن نے کیا تھا۔ جناب وکرماسنگھے نے کہا کہ پچھلے سال بھارت کے اُن کے دورے کے دوران انہوں نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے ساتھ سری لنکا کے چیلنجوں اور مواقع کے بارے میں تبادلہ خیال کیا تھا اور دوطرفہ تعلقات میں ڈیجیٹل پبلک انفراسٹکچر کے عناصر کو لانے کا فیصلہ کیا تھا۔

انہوں نے مزید کہا کہ سری لنکا کی موجودہ صورتحال کے مدنظر اُن کی حکومت کو مدد کی ضرورت ہے اور ڈی پی آئی کے شعبے میں مدد حاصل کرنے کے لیے سب بہتر مقام بھارت ہے۔ سری لنکا میں بھارت کے ہائی کمشنر سنتوش جھا نے ڈیجیٹل انڈیا کی کامیابی پر تفصیلی روشنی ڈالی جس کی قیادت وزیرِاعظم نریندر مودی نے کی ہے۔ بھارتی ڈیجیٹل ایکوسسٹم کی کامیابی کو اُجاگر کرتے ہوئے انہوں نے گزشتہ مہینے سری لنکا میں یوپی آئی کے آغاز کا ذکر کیا۔ انہوں نے آنے والے منفرد ڈیجیٹل شناختی پروجیکٹ کا بھی ذکر کیا جسے بھارت، سری لنکا میں عملی جامہ پہنا رہا ہے۔

ڈیجیٹل پبلک انفراسٹکچر مرکز کے ساتھی صدرنشیں ڈاکٹر پرمود ورما نے مختلف شعبوں میں ڈیجیٹل انڈیا کی کامیابی کو اُجاگر کیا۔

Jaishankar Singapore

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل سنگاپور کے وزیر اعظم Lee Hsien Loong سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے بھارت، بحر الکاہل اور مغربی ایشیا پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ بھارت کے تعلقات سے متعلق اُن کے مثبت خیالات، ہمارے تعلقات کے لیے ہمیشہ ہی قوت کا ایک وسیلہ رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ بھارت دنیا کی موجودہ صورتحال سے متعلق سنگاپور کے وزیرِاعظم کے نظریات کی قدر کرتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر سنگاپور کے تین روزہ دورے پر ہیں۔اِس سے پہلے وزیر خارجہ نے سنگاپور کے خارجی امور کے وزیر Vivian Balakrishnan سے بھی ملاقات کی۔

میٹنگ کے دوران طرفین نے بھارت اور سنگاپور کے باہمی تعاون کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔×

NCW Kangna Ranawat

خواتین کے قومی کمیشن نے چناؤ کمیشن سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ کانگریس کی ترجمان Supriya Shrinate

اور پارٹی رہنما ایچ ایس اہیر کے خلاف اداکارہ کنگنا رنوت کے خلاف اُن کے مبینہ توہین آمیز تبصرے کے لیے سخت کارروائی کرے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کمیشن نے کہا ہے کہ NCW کی سربراہ ریکھا شرما نے اس سلسلے میں چناؤ کمشنر کو ایک خط لکھا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ خواتین کے قومی کمیشن کو دونوں رہنماؤں کی نازیبا حرکت ناگوار گزری ہے جنہوں نے کنگنا رنوت کے خلاف سوشل میڈیا پر نازیبا اور توہین آمیز تبصرے کیے ہیں۔ محترمہ شرما نے کہا ہے کہ اس طرح کی حرکت ناقابل برداشت ہے اور خواتین کے وقار کے خلاف ہے۔ BJP کی امیدوار اداکارہ کنگنا رنوت ہماچل پردیش کی منڈی لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑرہی ہیں۔

اِس دوران تنازعہ کے بعد کانگریس رہنما Supriya Shrinate نے یہ کہتے ہوئے وضاحت کی ہے کہ اُن کے فیسبک اور انسٹاگرام اکاؤنٹس کو بہت سے لوگ ہینڈل کرتے ہیں۔ محترمہ Shrinate نے مطلع کیا کہ انہوں نے اُس پوسٹ کو ہٹا دیا ہے۔

## Rev. Assam Nomination

آسام میں بی جے پی کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر سربانندسونووال نے آج ڈبروگڑھ سیٹ سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ NDA کے کئی سینئر رہنما پرچے داخل کیے جانے کے دوران اُن کے ساتھ تھے۔

لکھیم پور کے ایم پی Pradan Baruah نے بھی اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما اُن کے ساتھ تھے۔

کانگریس کے ایم پی اور سابق وزیراعلیٰ ترون گگوئی کے بیٹے گورو گگوئی نے آج جورہاٹ لوک سبھا حلقے سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔

## J&K State Profile

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر میں کُل پانچ پارلیمانی حلقے ہیں۔ ان میں سے دو جموں ڈویژن میں اور تین کشمیر ڈویژن میں واقع ہیں۔ جموں ڈویژن میں جموں پارلیمانی حلقے اور اُدھم پور پارلیمانی حلقے ہیں جن میں کُل 8 ضلع آتے ہیں۔ اُدھم پور پارلیمانی حلقہ، بھارت میں سب سے زیادہ ترقی یافتہ حلقہ ہے اور یہاں گزشتہ 9 برس میں زبردست ترقی ہوئی ہے۔ اِس حلقے کے تحت کٹھوا، اُدھم پور، ڈوڈا، کشتواڑ اور رام بن سمیت جموں ڈویژن کے پانچ ضلع آتے ہیں۔

## Kerala Kvasu

ویاناڈ ضلع میں Pookode کے مقام پر کیرالا ویٹنری اور اینیمل سائنسز یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پی سی Saseen دھرن نے استعفیٰ دے دیا ہے۔ گورنر عارف محمد خان کو کل بھیجے گئے اپنے استعفے نامے میں ڈاکٹر Saseen دھرن نے استعفے کے لیے ذاتی وجوہات بتائی ہیں۔

New Zeeland China

نیوزی لینڈ سرکار نے چین کی حکومت کے ساتھ اِس بارے میں تشویش کا اظہار کیا ہے کہ 2021 میں نیوزی لینڈ کی پارلیمنٹ کو چین کی سرکار کی شہہ پر ہیک کیا گیا تھا۔ نیوزی لینڈ کے خفیہ اداروں کی چھان بین کے بعد اِس کا انکشاف ہوا ہے۔ اس سے پہلے برطانیہ اور امریکہ چین سرکار پر بڑے پیمانے پر سائبر جاسوسی کا الزام لگاتے رہے ہیں۔ نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا دونوں نے چین کی مذمت کی ہے۔x

J&K Amarnath Yatra

جموں کشمیر میں سالانہ امرناتھ یاترا کے لئے تیاریاں شروع ہوگئی ہیں کیونکہ مخصوص تاریخ سے اپنے سفر کا آغاز کرنے کیلئے عقیدتمندوں کو جموں ڈویژن کے دس اضلاع میں صحت سے متعلق سرٹیفکیٹس دستیاب کرائے جارہے ہیں۔ پورے خطے میں صحت مراکز سے Compulsory Health Certificates جاری کرنے کیلئے کُل 112 ڈاکٹروں کو نامزد کیا گیا ہے جو کہ پہلے سے مسافروں کے رجسٹریشن کی ایک شرط ہے۔ شری امرناتھ شرائن بورڈ نے اِس بات کا اشارہ دیا ہے کہ یاترا شروع ہونے کی ممکنہ تاریخ 29 جون ہوگی۔ مسافروں کے رجسٹریشن کی حتمی تاریخ آئندہ دنوں میں عام کی جائے گی۔ مسافروں کے رجسٹریشن کیلئے 15 مارچ سے جاری کئے گئے صحت سے متعلق سرٹیفکیٹس کو روایتی طور پر مجاز خیال کیا جائے گا۔

حالانکہ پچھلے سال رجسٹریشن کا عمل اپریل کے وسط میں شروع کیا گیا تھا۔ جموں کے صحت سے متعلق ڈائرکٹوریٹ نے نامزد کئے گئے ڈاکٹروں کی تفصیلات حکومت کو سونپ دی ہے اور جلد ہی یہ شرائن بورڈ کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوگی۔

APCC Indian Climate

ایشیا-بحرالکاہل اقتصادی تعاون APCC کے موسمیاتی مرکز نے پیشگوئی کی ہے کہ بھارت کے مانسون سیزن کے نقطۂ عروج کے دوران اِس سال جولائی سے ستمبر تک معمول سے زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے۔ APCC نے اِس سال کیلئے ملک میں مانسون سے متعلق پہلی پیشگوئی جاری کی ہے۔ مذکورہ سینٹر نے دو الگ الگ اندازے لگائے ہیں۔ ایک اندازہ اپریل سے جون تک کیلئے اور دوسرا اندازہ جولائی سے ستمبر کیلئے ہے۔x

Tennis Miami Open

ٹینس میں بھارتی اور آسٹریلیائی کھلاڑیوں روہن بوپنا اور میتھیو ایبڈن پر مشتمل جوڑی میامی ماسٹرز ATP-1000 ٹورنامنٹ کے مردوں کے ڈبلز کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اس جوڑی نے کل رات امریکہ میں فلوریڈا کے Miami Gardens میں جرمن جوڑی کو سات پانچ، سات چھ سے ہرایا۔ اب کل صبح کوارٹر فائنل میں بھارت اور آسٹریلیا پر مشتمل جوڑی کا مقابلہ نیدر لینڈس اور آسٹریلیا کی جوڑی سے ہوگا۔x

IPL

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات بینگلورو کے ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلورو نے پنجاب کنگس کو 4 وکٹ سے ہرا دیا۔

رائل چیلنجرس نے 19 اوورس اور دو گیندوں میں 178 رن بنا کر جیت کا نشانہ حاصل کرلیا۔

RCB کے لئے وراٹ کوہلی نے 49 گیندوں میں 77 رن بنائے۔ پنجاب کنگس نے مقررہ بیس اوورز میں چھ وکٹ پر 176 رن بنائے تھے۔کپتان شیکھر دھون نے سب زیادہ 37 گیندوں میں 45 رن بنائے۔

وراٹ کوہلی کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سپر کنگز اور گجرات ٹائٹنس آمنے سامنے ہوں گے۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆